عوامی محاذ برائے آزادی فلسطین کے سکریٹری جنرل احمد جبرائیل کے انتقال پر رہبر انقلاب اسلامی نے تعزیتی پیغام جاری کیا - 8 /Jul/ 2021

عوامی محاذ برائے آزادی فلسطین کے سکریٹری جنرل احمد جبرائیل کے انتقال پر رہبر انقلاب اسلامی نے تعزیتی پیغام جاری کیا جو حسب ذیل ہے ؛

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انتھک مجاہد احمد جبرائیل کے انتقال پر ملت فلسطین، تمام مجاہدین، فلسطینی جہاد کے میدان میں سرگرم تمام افراد، مغربی ایشیا کے علاقے میں پھیلے مزاحمتی محاذ کے تمام ارکان اور مرحوم کے پسماندگان کو تعزیت پیش کرتا ہوں۔ اس سخت کوش اور شجاع شخص نے اپنی پوری عمر اپنے مقبوضہ وطن اور مظلوم قوم کے لئے جدوجہد کی خاطر وقف کر دیـ اللہ تعالی سے ان کے لئے اجر جزیل اور رحمت و مغفرت الہی کی دعا کرتا ہوں۔

سید علی خامنہ ای

۲۷ ذوالقعدہ ۱۴۴۲ (مطابق 8 جولائی 2021)